**Mr. Deputy Chairman :** I have thoroughly understood the preposition. If you allow me I will say something about it, I have come to the final conclusion that under Rule 103 it is only necessary for the Minister to give the notice of his intention to move the House, and I think it is not mandatory for him under Rule 103 to give the notice when the Bill is already circulated, because it is impossible for him to know when the Bill was circulated to each and every Member, because it is not his job. It is the job of the Secretariat. Therefore whenever a notice of the intention is given by the Minister that will be taken as the notice of his intention when the other rules are complied with. And in this case when the notice was given on the day when the Bill was passed by the National Assembly on 26th. It was passed on 27th. The Minister gave notice there. The facts are on the record of the Senate and therefore that notice was taken into account and the Bill was fixed in the Orders of the Day. Therefore it is a valid notice and the objection is overruled.

**Mr. Khurshid Hassan Meer :** Sir, I object to the remarks made by the honourable Member on the ruling. That should be withdrawn. It is disgraceful, unheard of. It is not the way to keep up the prestige of the House.

**Mr. Deputy Chairman :** If he feels sorry for his own personal objec-

tive sorts of thing.

**Mr. Khurshid Hassan Meer :** This should be the conduct of a senior parliamentartian or the conduct of any Mamber.

**Khawaja Muhammad Safdar :** Sorry at the conduct of the Minister.

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** Now I move that the requirements of Rule 82 be dispensed with, and if the motion is carried the provisions of Rule 83 apply to the Bill as if it was received back from the Standing Committee; the motion is carried. I oppose the motion that the Bill be sent for reference to the Standing Committee.

**Mr. Deputy Chairman :** You please make a motion that the Bill be taken into consideration.

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** I move that the Bill be taken into consideration.

**Mr. Deputy Chairman :** Now the motion before the House is that the Bill to provide for the more effective prevention of certain anti-national and treasonable activities [The Prevention of Anti-National Activities Bill, 1973], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

**Khawaja Muhammad Safdar :** Opposed.

**Mr. Deputy Chairman :** Let us see why ?

خواجہ محمد صفدر : (Mr. Chairman, Sir) - اس بل کی اھمیت اس بات سے واضح ہے کہ نیشنل اسمبلی کے گذشتہ اجلاس میں جیسا کہ ابھی ابھی محترم وزیر داخلہ صاحب نے ارشاد فرمایا تھا کہ اس بل پر کافی بحث و تمحیص ھوئی - بڑی لے دے ھوئی - بے پناہ اعتراضات ھوئے - بلکہ اگر میں یہ کہوں کہ نیشنل اسمبلی کے گذشتہ اجلاس میں اگر کسی ایک بل نے مجموعی طور پر باقی تمام مسودات قانون سے زیادہ وقت لیا تھا تو اس میں مبالغہ نہیں ھوگا - حقیقت یہ ہے کہ یہ بل نہایت متنازعہ فیہ ہے - میں اسے اس لئے متنازعہ فیہ کہتا ھوں کہ اس بل کی بعض دفعات سے حکومت کو وہ اختیارات حاصل ھو جاتے ہیں جو کہ کسی اچھی بھلی حکومت کے پاس ھوں تو کوئی مضائقہ نہیں جناب چیئرمین ! کوئی قانون بحیثیت خود نہ برا ھوتا ہے نہ اچھا ھوتا ہے - بلکہ ایک اچھا قانون ایسے ھاتھوں میں پہنچ کر جو اسے غلط طور پر استعمال کریں گے برے نتائج پیدا کر سکتا ہے اور ایک مفاد عامہ کے خلاف قانون جو اگر انتظامیہ کو اس کے ذریعہ سے اختیارات پہنچیں تو وہ درست طور پر ان اختیارات کو استعمال کریں تو اس صورت میں وہ برا قانون بھی اچھے نتائج پیدا کر سکتا ہے - میں ابتدا ھی میں اس بات کی وضاحت کر دینا چاھتا ھوں جناب

[Khawaja Mohammad Safdar]

چیئرمین ! جہاں تک اس بل کے اغراض و مقاصد کا تعلق ہے مجھے پوری طرح جناب محترم وزیر داخلہ صاحب سے اتفاق ہے ۔ میں خوب اچھی طرح جانتا ہوں ۔ اگرچہ اتنا نہیں جانتا جتنا کہ وزیر داخلہ صاحب جانتے ہیں ۔ کیونکہ ان کے ذرائع وسائل جو ان کو محکمہ کی اطلاعات بے پناہ ہیں وہ ان کے علم میں اضافہ کرتی ہیں ۔ میرا تو محض اخباروں اور سنی سنائی باتوں پر انحصار ہے ۔ میں اتنا تو نہیں جانتا لیکن پھر بھی اتنا جانتا ہوں کہ اس ملک میں خصوصیت سے گذشتہ دو سال میں جبکہ ہندوستانی جارحیت کی وجہ سے روسی جارحیت کی وجہ سے بین الاقوامی سازشوں کی وجہ سے ہمارے ملک کے اندر کی سازشوں کی وجہ سے مشرق پاکستان ہم سے جاتا رہا تو مغربی پاکستان کے گوشوں میں بھی یہ آوازیں نکلنی شروع ہو گئیں ۔ کہیں سندھو دیش ہے ۔ اور کہیں عظیم تر بلوچستان ہے ۔ کہیں پختونستان ۔ ان الفاظ میں جن کے معنوں سے علیحدگی پسندگی کا اظہار ہو تو اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان حالات میں اس قسم کی قوت اور اختیارات جن کا ذکر اس مسودہ قانون میں ہے کسی اچھی بھلی حکومت کے ہاتھوں میں دینا بری بات نہیں ۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس ملک سے وابستہ وہ لوگ موجودہ حکومت سے وابستہ وہ لوگ بڑے بڑے عہدوں پر فائز ہیں اور حال تک فائز تھے ۔ جنہوں نے اعلانیہ اس ملک میں چار قومیتوں کا نہیں بلکہ ایک بہت بڑے بزرگ جن کا تعلق انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ سے ہے اور ان کی خصوصی خدمات حاصل کی گئی ہیں ۔ انہوں نے ایک ایسا آرٹیکل لکھا جس میں یہاں تک کیا کہ یہاں چار قومیتوں کا وجود نہیں بلکہ پانچ قومیتیں ہیں اور جو مہاجر ہیں وہ بھی ایک قومیت ہیں اور آج وہ لوگ حکمران طبقے کے سایہ کے نیچے پروان چڑھ رہے ہیں اور پرورش پا رہے ہیں ۔ آج بھی وہ لوگ اس ملک کے خزانے سے بیش بہا تنخواہیں وصول کر رہے ہیں ۔ ابھی کل تک ایک صاحب گورنر تھے انہوں نے کئی بار یہ کہا کہ یہاں چار قومیتیں ہیں ۔ یہیں تک بس نہیں کیا بلکہ انہوں نے یہ بھی کہا کہ یہ وطن عزیز بھارت ، ایران اور افغانستان کے ساتھ کنفیڈریشن بنائے ۔

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** How are these remarks relevant. This is quite appropriate when the Bill is being discussed but merely on question of reference to the Standing Committee, I think this is outside the scope of the discussion.

خواجہ محمد صفدر : میں یہ بتا رہا ہوں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : اگر آپ یہ تقریر کریں گے تو شاید اصل بل پر آپ کی تقریر دوبارہ (Repeat) ہوگی ۔

خواجہ محمد صفدر : میں پڑھ دیتا ہوں ۔

"On the day on which such motion is made or on any subsequent day to which the discussion is postponed the, principles of the Bill and its general provisions may be discussed, but the details of the Bill shall not be discussed further than is necessary to explaim its principles."

**Mr. Deputy Chairman :** It is not the first reading actually.

**Khawaja Mohammad Safdar :** It is the first reading. This is the first reading.

**Mr. Deputy Chairman :** Your motion was that it may be referred to the Standing Committee, so you are supporting your motion. But you are going out of the scope of your motion. You can say what are the necessities and why it is necessary that the Bill be referred to the Select Committee.

خواجہ محمد صفدر : آپ ذرا 107 ملاحظہ فرمائیں ۔

107. "If the motion that the Bill be taken into consideration is carried, the Bill shall be taken into consideration clause by clause ... "Then second reading will be entered into.

تو آپ کا اگر یہ خیال ہو کہ میں (Restrict) کروں اور یہ موشن (Drop) ہو جائے یا کامیاب ہو جائے اور اگر (Drop) ہو جائے تو اس کے بعد میں پھر یہ تقریر کروں گا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : ایسا ہی ہوگا ۔

(مداخلت)

**Khawaja Mohammad Safdar :** All right, Sir. I will cut it short (Interruption)

خواجہ محمد صفدر : میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس حکومت کے پیش نظر یہ بات ہے کہ قومی اسمبلی نے اس پر بحث کی ہے اور اس میں کوئی شک نہیں جیسا کہ محترم وزیر داخلہ نے فرمایا ہے کہ قومی اسمبلی نے اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کے سپرد کیا ہے ۔

فاضل ممبران نے اس پر غور کیا ہوگا میں وزیر داخلہ سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ قومی اسمبلی کا میرے دل میں بے حد احترام ہے ۔ یہ ہمارے ملک کا عظیم ترین ادارہ ہے اور ہمارے ملک کی پارلیمنٹ کا ایک حصہ ہے بلکہ جہاں تک قوت اور اختیار کا تعلق ہے اس معزز ایوان سے آئین کے تحت اس کی قوت اور اختیارات زیادہ ہیں ۔ لیکن اس کے باوجود بھی اگر میں یہ عرض کروں اور وزیر داخلہ سے سوال کروں کہ کیا اس کا فیصلہ ناقص ہے ۔ کیا اس معزز ایوان پر یہ لازم ہے کہ جو کچھ وہ کہیں من و عن تسلیم کر لیا جائے ۔ آئین نے ہماری قومی اسمبلی کو دیے گئے اختیارات کی وضاحت کر دی ہے ۔ کوئی بل جو وہاں سے آتا ہے تو اس ایوان کا فرض ہے کہ وہ اس کو پورا وقت دے کر انتہائی سنجیدگی کے ساتھ غور و فکر کے بعد اس پر اپنی رائے دے ۔ اور اگر ترامیم ہوں تو ان پر بحث کے بعد منسوخ کیا جا سکتا ہے اور اگر ترامیم نہ ہوں تو پھر اچھی بات ہے ہمیں بھی اتفاق ہو گیا ہے ان سے لیکن آئین میں یہ کہاں لکھا ہے کہ قومی اسمبلی کے فیصلوں پر ہم ربڑ کی مہر ثبت کر دیں اور انگھوٹھا لگا دیں ۔ یہ ضروری ہے کہ اس ایوان کو بحث کا پورا پورا موقع دیا جائے ۔ تا کہ اس یوان کے اراکین اپنی پوری تیاری اور علم کے مطابق اس ایوان کے سامنے نتائج رکھیں ۔

<u>جناب ڈپٹی چیئرمین</u> : یہ صحیح ہے -

<u>خواجہ محمد صفدر</u> : میں یہ عرض کروں گا کہ یہ کوئی عام بل نہیں اگر کوئی عام بل ہوتا تو شائد میں تقریر نہ کرتا - وزیر داخلہ از راہ کرم مان جائیں تو اچھا ہے -

**Mr. Deputy Chairman :** You are opposing this motion.

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** I am opposing. It was never my intention to say that when the National Assembly has to refer the matter to a Standing Committee, this august House should not do the same. I think this august House has every power to refer a Bill to the Standing Committee. Far be it from me to try to curtail the powers vested in a House by our sacred Constitution. That is not my intention. What I was saying is that this Bill was circulated according to my honourable friend's own admission and according to the Secretariat's statement, on the 2nd of January, lot of amendments have been made in the Lower House which have subjected the executive action to scrutiny by judicial tribunal like a High Court and Supreme Court. Great changes have been made there. My friends had ample opportunity and time to make amendments, any amendments which would have improved the Bill. We would have gladly considered them and accepted them. Now so many days have passed. If we had hastily introduced this Bill that was another thing. We gave notice on the 27th December and the Bill was circulated on 2nd January and today is 16th of January. Now I feel that there is hardly any necessity for reference to the Standing Committee as the House is fully competent to discuss it. The House is fully in a position, as I have said, ample time to send amendments has been given, to consider this Bill. I state with all sense of responsibility that any amendments which seek to improve the Bill would be considered by the Government side. Therefore, I thing this is a case where it would be merely wasting one's time to refer it to the Standing Committee because it can be discussed here and amendments can also be discussed here. Government will not stand in the way of any honourable Member in discussing the principles of the Bill or moving amendments, therefore, I am sorry, I have to oppose this.

**Mr. Deputy Chairman :** Now motion before the House is :

"That the Prevention of Anti-National Activities Bill, 1973, as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

The motion was negatived.

**Mr. Deputy Chairman :** The motion is rejected.

**Mr. Deputy Chairman :** Motion is : I put the second motion.

**Khawaja Muhammad Safdar** . Sir, let the honourable Minister for Home Affairs explain, then I will speak.

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** Mr. Chairman, Sir, this Bill seeks to put a curb on bodies or group of bodies indulging in anti-State activities which are working for the disintegration of Pakistan and whose activities are prejudicial as regards law and order and therefor certain provisions have been made for outlawing those organisations for forfeiting their funds, for preventing its members from making use of their offices. Now, the greatest objection which was made was that the Government's executive action was not being subjected to judicial scrutiny. Threfore, in this Bill as passed by the National Assembly, a provision has been made that before any action is taken by the Government, the Government shall give the reasons for declaring a body of men or any association as anti-State and the Government will be bound to go before a Judge of the High Court, not a retired Judge of the High Court, but a sitting Judge appointed in consultation with the Cheif Justice of that High Court and before him the Government and the party affected will appear, and the learned Judge or the Tribunal will go into the merits of the case and will examine very carefully whether the act of the executive is in conformity with law and if he gives a verdict in favour of the Government, the affected party can go to the Supreme Court. Therefore, the act of the executive has been made subject to jucicial scrutiny by the highest tribunal in the land. What better proof could the Government give of its bona-fide intentions. Then as regards the forfeiture of funds also, notices will have to be given and the party affected can go to the District Judge and the District Judge will in accordance with law hear both the parties and give his verdict. The verdict may go against the Government and the party not satisfied with the judgment can go upto the Supreme Court or the High Court. As regards other places where such illegal activities are carried on, if the Government by executive fiat imposed a ban, the affected party can go to a District Judge and similarly to the Supreme Court and therefore a sting has been taken out of that criticism that Government tries to roughshod over the political rights of its citizens. Therefore our learned friend in the opposition always tries to make capital out of this that this

[Mr. Abdul Qaiyum Khan]

is not a good Government, this Government does not consist of desirable type of people-desirable from their point of view. Therefore, any power that a Constitution vests in a Government—enjoying a vast majority in the county—they say they are fascists, this is dictatorship. Now all this has been exposed as to how they are working for parliamentary system. They are shouting hoarse that the parliamentary system should be brought into this country, now that the parliamentary system has come in they are using the same catch phrases which they used at the time of dictatorship of President Ayub and President Yahya who were dictators. They say that this is *'amriat'*. There is no democracy. In their dictionary, democracy means the rule of an insignificant minority over the will of an over-whelming majority. Well, this is not democracy as it is understood in the civilized world. Probably, this is a new idea about democracy which has been developed in this country, which is being preached in public meetings, which is being issued in press statements. But our people are wise enough and they are widly conscious of the fact that this will not work. Now what they have done there is nothing left to which an exception can be taken. As regards punishments, the executive has no power to punish a person. A person charged will have to go before the High Court. He will be defended by lawyers. If he is convicted he will have a right of appeal. He can go upto the Supreme Court. I do not understand what else do they mean ? They try to find fault with everything. I do not think any reasonable person now can find fault with the provisions of the Bill as it has been passed by the National Assembly. The only reason for finding fault is to hamper the passage in the Senate, to delay. This is the reason. A lot of time has been wasted over technical objections. Now a Standing Committee is proposed. I would like to see what amendment the honourable Member is giving. I have made an offer that if there is any reasonable amendment, Government will Certainly consider, but we want to get on with the work. There is a lot of legislative work to be done. I would like the opposition to co-operate with us by helping the Government to pass these measures. My learned friend who started the discussion himself admitted that there are anti-state elements in this country. There are elements in this country, there have been activities of a kind which cannot be ignored. There have been civil disobedience movements at the time when floods ravaged Punjab and Sind. They resorted to processions, when the whole world was sympathising with us, when even our enemies were sympathising with us, when our railway

communications, our roads, our telecommunication system had all been disrupted, our bridges had fallen down, when human lives had been lost and other goods worth crores of rupees had been swept away by the floods. At that time they started the civil disobedience movement and when civil disobedience movement failed then another method was tried. In a very small limited area of the Frontier Province where they were very strong, they started cutting telephone wires, they started setting on fire the whole of the tobacco factory, they started setting on fire to transformers and not only they started setting on fire the transformers, out they went a step further. Bombs were thrown at the residences of the Ministers, members of the Peoples Party and the Muslim League, because they did not like them, because they had the overwhelming voice in that Province, because they defeated them in the general elections every where. Now they claim that they represent the Frontier Province. Who can deny that these anti-State activities were not going-on ? We know who threw bombs, who threw the granades. People have confessed that who paid them the money, which organisation gave them money, which commander ordered them to open fire. This is the reason why we had to bring this Bill. Mr. Chairman, now there are people in this country who having failed in the elections...

(At this stage Mr. Deputy Chairman vacated the Chair and Mr. Ahmad Wahid Akhtar occupied the Chair).

**Mr. Abdul Qaiyum Khan** :...try to hand over half or more than half of Pakistan to a foreign power as if they had inherited it from their grandfather, as if it was their own property. Sir, it was said that the Border will be shifted from Torkham to Attock and then to Margalla and then to Jhelum. It was openly said in a most brazen-faced manner that the border would be shifted from Chaman to Jacobabad ; speeches were made that Sheikh Mujib had taken three years to break-up Pakistan and joined the Hindu majority in India and that they had been preaching for 60 years to the Pathans to join and rebel against Pakistan. That shows the limit of tolerance of which this Government has given proof. Can this be tolerated in any other country ? Cany any person who claims to be a patriot, can any person who has sworn in this august House, that he believes in the oneness of Pakistan, that he believes in the basic Islamic ideology of Pakistan, that he believes that he will defend the integrity of Pakistan and having taken the oath, can he come out with the statement that this country consists of

[Mr. Abdul Qaiyum Khan]

four nations ? Before the year 1947, it was openly stated that the Pathans and Hindus constitute one nation and now when Pakistan has come into being it is said that the Pathans, the Punjabis, the Baluchis and Sindhis constitute four nations—four nations. People who believe in one God, in one Prophet (peace be on him), in one way of life, they constitute four nations ? Sir, who can deny that there are elements in this country who have been out to disintegrate this country ? Who can deny that there are elements in this country who are moving hand in glove with our enemies outside this country, who are always ready to hand over part of our country to some other country ? Now, if the Opposition were the Government in power, and if we were in the Opposition, I ask them that if we had indulged in diabolical speeches and outrageous speeches and if we had attacked the integrity of Pakistan in this way, would they not have taken action against the people who rebel against Pakistan ? Would it not have been their duty to take action against us ? Therefore, I believe that if they were a Government worth the name and if they were a power worth the name and we had acted in a manner in which these elements do, then they would have definitely taken action. Sir, they would have failed in their duty as a Government, had they not taken action, then why expect us to stand with folded hands and not to bring this measure ? Sir, against whom this Act may be used ? We have brought this measure in all sincerity, we have no intention of using it but it is a warning to those who have been indulging in such activities to change their conduct. If they change their conduct and take to peaceful methods, nobody would be happier than the present Government and we would be very happy and we will have no occasion to use this Act. We have no desire to do it and we have no vindictive mood. We have no desire for that. They should mend their ways, they should change their conduct and should not indulge in terrorist activities and if they do not make diabolical and outrageous speeches then we will be very happy ; we will have no occasion to use this Act. But here a situation has arisen where resort is being taken to such measures. We, as a Government would be failing in our duty if we do not use the power vested in us by law to bring about peace in this country because it is primarily the duty of the Government to see that law and order is maintained. Sir, this Act is the very best Act that this Government has brought. Our intentions are honest and our desire is clear from the fact that we have agreed to submit our executive action to judicial scrutiny. All our actions, where

we declare an organisation anti-national, where we forfeit their funds, where we notify and prevent them from using their offices etc., are subject to judicial scrutiny and nobody will be sent to jail unless he is tried in accordance with the law of the land, unless he has the chance to defend himself unless he exhausts the right to defend himself before the highest court. I think that after what I have stated, I hope that the Opposition will realise the futility of opposing a measure of this kind and the best thing will be that this Act is passed by this House so that it becomes a law of the land. Sir, with these remarks I close my speech. Thank you.

**Presiding Officer :** Khawaja Mohammad Safdar.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ، میں نے نہایت توجہ سے بلکہ یہ کہنا چاہئیے کہ انہماک سے محترم وزیر داخلہ کی تقریر دل پذیر سنی ہے انہوں نے اپنی تقریر کی ابتدا میں اس مسودہ قانون کو اس ایوان میں پیش کرنے کی تین وجوہات فرمائی ہیں - انہوں نے فرمایا ہے کہ چونکہ اس وقت بد قسمتی سے ہمارے ملک میں بعض ایسے عناصر موجود ہیں - جن کی سرگرمیاں اور جن کی خواہشات اس ملک کے مزید ٹکڑے ٹکڑے کرنے کی ہیں ، ان کی خواہشات کو دبانے اور ان کی سرگرمیوں کو کچلنے کے لئے ہم نے یہ مسودہ قانون اس معزز ایوان میں پیش کیا ہے اور اس میں تین باتوں کو خاص طور پر سامنے رکھنا ہے -

نمبر ایک یہ کہ ایسے جو لوگ ہیں یا جو انجمنیں ہیں - یا (associations) ہیں ان کو خلاف قانون قرار دیا جائے ان کے الفاظ ہیں کہ انہیں ''out law قرار دیا جائے'' (خلاف قانون قرار دیا جائے) -

دوسری بات انہوں نے یہ بتائی ہے کہ اس قانون میں ہم نے اس بات کا بھی خیال رکھنا ہے کہ اس قسم کی مفسدانہ سرگرمیوں کی حامل انجمنوں اور سوسائٹیوں کے دفاتر اور جائیدادوں پر قبضہ کیا جائے تا کہ وہ استعمال نہ کر سکیں اور تیسرا مقصد اس بل کا انہوں نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ ان کے جو فنڈز کا روپیہ پیسہ جو انہوں نے جمع کیا ہوا ہے - خواہ اندرون ملک ہو - میں یہ بالکل صحیح ہوں گا خواہ بیرون ملکوں سے حاصل کیا ہو جو (Unlawful assemblies) نے حاصل کیا ہوا ہو - ان پر بھی حکومت قبضہ کر سکتی ہے اس مسودہ قانون کو قانون کی شکل دی جائے تا کہ اس قسم کی سرگرمیوں کا پوری طرح سدباب کیا جا سکے - ان کی باقی باتوں کا جواب میں بعد میں دوں گا - لیکن محترم وزیر داخلہ سے کون بہتر جانتا ہے - ساری عمر قانون بنانے میں یا قانون بیان کرتے ہیں بطور ایک نہایت اونچے درجے کے وکیل یا قانون کے نافذ کرنے میں بطور وزیر ان کی گذری قانون بناتے بھی رہے ہیں اس کی (Intrepretation) بھی کرتے ہیں اور نافذ بھی کر چکے ہیں - ان سے بہتر کون جانتا ہے -

جو اغراض و مقاصد انہوں نے ارشاد فرمائے میں اس مسودہ قانون کے کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ وہ ڈی - پی - آر کے تحت پورے نہیں ہوتے ، ڈی - پی - آر کے تحت آنہیں (Unlawful) قرار نہیں دیا جاسکتا . کیا ڈی - پی - آر کے

[Khawaja Mohammad Safdar]

تحت اس قسم کی (assocaitions) جو کہ مفاد عامہ کے خلاف سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں ان فنڈز کو (Freeze) نہیں کیا جاسکتا ، ڈی ۔ پی ۔ آر کے تحت ان کی جائیدادوں اور ان کے دفاتر کو (Seal) نہیں کیا جا سکتا ہے ۔

مجھے معلوم ہے آپ جو کچھ کہیں گے وہ یہ ہے کہ (DPR) ہے جو ملک کو توڑنے والوں کے لئے ضروری قانون ہے ۔ یہ عارضی قانون ہے مگر 2 سال ہو گئے ہیں ۔ خیر نہیں کہ یہ اور کتنے سال رہے گا ۔ بہر حال یہ عارضی قانون ہے ۔ اورحکومت عمر بھر وزیر داخلہ کے پاس نہیں رہے گی ۔ وزیر اعظم کے پاس نہیں رہی گی ۔ میرا مطلب یہ ہے کہ موجودہ حکومت کے پاس نہیں رہے گی ۔ لیکن کیا میں وزیر داخلہ صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ انہوں نے خودادس مسودہ آئین کی دفعہ غالباً 21 یا 20 میں اس کا ذکر کیا ہے ۔ دفعہ 21 کا ذکر اس قانون میں آیا ہے ۔ جن کے تحت (Criminal Law Amendment Act) میں دیکھیں ۔ 1968 کا قانون بنایا گیا تھا 1968 میں اسے آرڈننس کے ذریعے (Repeal) کیا گیا ۔ لیکن اس مسودہ قانون کے ذریعے اسے دوبارہ (Revive) کیا گیا ۔ اگر (Repeal) ہوتا تو شاید فائدہ اٹھایا جاتا مگر چونکہ (Revive) کیا جا رہا ہے یا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ اس کے تین مقاصد آپ کے سامنے ہیں ۔ اس کے ذریعے پورے ہو سکتے جو کہ وزیر داخلہ نے ارشاد فرمائے ہیں ۔ جناب والا ! ان کا پہلا مقصد مسودہ قانون کو اس ایوان کے سامنے لانا ہے ۔ ہمیں یہ اس طرح مجبور کرتے ہیں جناب آپ بحث کریں ۔ یہ بڑا ضروری ہے کہ بعض ایسوسی ایشنز ۔ بعض انجمنیں اس ملک میں ، اس ملک کے اندر تخریب پسند اور تخریب کار ہیں جو کہ ملک کے حصے بخرے کرنے کی کوشش کرتی ہیں ۔ کسی کا نام ہے ۔ سندھو دیش ۔ (Greater Baluchistan) اور پختون دیش ہے ۔ یہ مانتے ہیں کہ اس قسم کی ایسوسی ایشنز موجود ہیں ۔ لیکن جناب والا ! اگر میں (Criminal Law Amendment Act) کی کلاز 16 آپ کے سامنے پڑھوں تو یہ صرف مرکزی حکومت کو بلکہ صوبائی حکومتوں کو بھی اختیارات حاصل ہیں ۔ کہ :—

> "If the Provincial Government is of opinion that any association interferes or has for its object interference with the administration of the law or with the maintenance of law and order, or that it constitutes a danger to the public peace, the Provincial Government may, by notification in the official Gazette, declare such association to be unlawful."

اور جو ہمارے ہاں متعلقہ دفعہ ہے ۔ وہ محدود ہے ۔ اور جو (Criminal Amendment Law Act) میں ہے ۔ وسیع ہے ۔ ان کو وسیع تر اختیارات حاصل ہیں ۔ پہلے اختیارات کو استعمال کر کے دیکھیں ۔ اگر کسی شخص نے اس ملک میں تخریب کاری کی کوشش کی اگر کسی شخص نے اس ملک کی سالمیت کے خلاف اقدام کیا ۔ تو اس پر کھلی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے ۔ ہم ان کے ساتھ ہیں ۔ اس کو سزا دلائیں ۔ مگر افسوس یہ ہے کہ یہ تقریریں کرتے ہیں کہ فلاں شخص غدار ہے ۔ فلاں ملک کو توڑنا چاہتا ہے ۔ لیکن افسوس یہ ہے کہ آج تک اس قسم کے دعویٰ کے ثبوت میں انہوں نے کسی بھی شخص پر مقدمہ چلانے کی جرأت اور جسارت نہیں کی ۔ اس لئے میں

عرض کر رہا ہوں کہ اگر مقصد صرف یہ ہے کہ یہاں تخریب کار - مفسد پرداز - انجمنیں - ایسوسی ایشنز - اسمبلیاں نہ ہوں - تو حضور (Criminal Law Amendment Act) کی دفعہ 16 میں آپ کو یہ اختیارات حاصل ہیں - وہ قانون یہ ہے - (Prevention of Anti-national Activities Ordinances نے Criminal Law Amendment Act) کی یہ دفعہ منسوخ کر دی اسے غیر ضروری سمجھ کر اور ایک نیا آئین بنایا ہے - اس میں شک نہیں جو اختیارات اس بل میں آئے ہیں - اس کو (Revive) کرنے کی کوشش کی ہے - یقیناً (Majority) آپ کی ہے - اسے آپ پاس کر لیں گے -

دوسرا مقصد جس کے متعلق وزیر داخلہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ ان کے دفاتر پر قبضہ کرنا اور بند کرنا محض اس لئے ہے کہ ان کی مفسد پردازیاں بند ہو جائیں اور یہ باز رہیں - تو حضور اس کے متعلق (Criminal Law Amendment Act) میں (Section 17/A) میں ظاہر ہے -

"The Provincial Government may, by notification in the official Gazette, notify and place which in its opinion is used for the purposes of an unlawful association.

"Place" includes a house or building ; or part thereof."

تو جناب پہلا مقصد بھی اس سے پورا ہو سکتا تھا اور دوسرا مقصد بھی اس قانون سے حل ہو سکتا تھا - شاید غور کیا جائے تو تیسرا مقصد یعنی روپے پیسے پر قبضہ نہیں کیا جا سکتا تھا - تو وہ شاید اس میں نہ ہو - لیکن میں عرض کر رہا تھا -

Now, 17/B is relating to moveable property found in a notified place...

جگہ پر حکومت قبضہ کر سکتی ہے - اس لئے بندہ نواز یہ نقد روپے پیسے سے متعلق ہے - تو اس کے متعلق حضور والا -

Criminal Law Amendment Act.

(Section 17/E)

"Where the Provincial Government is satisfied, after such inquiry as it may think fit, that any moneys, securities or credits are being used or are intended to be used for purposes of an unlawful association, the Provincial Government may, be order in writing, declare such moneys, securities or credits to be forfeited to Government."

حقیقت یہ ہے - جناب چیئرمین جتنی سیکشن میں نے آپ کے سامنے پڑھی ہیں - نہایت رد و بدل کے ساتھ انہیں اس مسودہ قانون میں داخل کیا گیا ہے - وقت تو ضائع ہو گا میں یہ تو نہیں کہوں گا، بلکہ صرف ہو گا - اگر میں ایک ایک (Section) کو (Compare) کروں - تو اس زیر بحث مسودہ قانون میں (1908) کی (Criminal Law Amendment Act) کی (Penalities, Sections) کی نقل جاری ہو گئی ہے - یہ مسودہ آئین کا پابند ہے - جب وہ تمام تر قوانین آپ کے پاس موجود ہیں - تو اس کو یہاں پر لانے کی کیا ضرورت تھی - یہاں تک ہر جو (Section) ہے - اس (Section) نے عدالت عالیہ

[Khawaja Mohammad Safdar]

(Jurisdiction) کے اختیارات محدود کئے ہیں - اس میں وہ (Section) موجود ہے - غرض یہ کہ تمام ضروریات جن کے متعلق یہ کہا جاتا ہے - انہوں نے دعوی کئے تھے - وہ باتیں اور ان اختیارات کی ہمیں ضرورت ہے - اس سے مفسدہ پردازوں اور ملکی علیحدگی پسندوں کی بیخ کنی کرتے جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے - مجھے ان سے ہمدردی ہے -

پنجابی میں کہتے ہیں کہ کوئی سردار صاحب - پنجابی میں سکھوں کے لطیفے مشہور ہیں - انہوں نے اپنے ملازم سے کہا بھائی زین گھوڑے پر ڈال دو - ملازم نے کہا ڈال دی ہے - سردار نے کہا کہ پھر ایک اور ڈال دو - اسی طرح وزیر داخلہ کر رہے ہیں - گھوڑے پر زین پہلے پڑی ہے اور یہ زین پر زین ڈالے جا رہے ہیں -

جس مقصد کے لئے (Criminal Law Amendment Act) کی نقل ماری ہے اور مسودہ قانون کو بنایا گیا ہے - وہ مطلب میں نے آپ کے سامنے پیش کر دیا ہے -

اس کے بعد جناب (Safty Act) اس میں کسی فرد پر پابندی لگانی ہو - اگر کسی فرد کے متعلق یہ خیال ہو - کہ وہ مرکزی حکومت یا مفاد عامہ کے خلاف کام کر رہا ہے اور ملک کو توڑنے کی کوشش کر رہا ہے اور وزیر داخلہ کو یقین ہو کہ یہ بات مفاد عامہ کے حق میں نہیں - تو اس کو دفعہ تین کے تحت بند کیا جا سکتا ہے اور پھر اس کے ساتھ دفعہ 10 ہے - اس قسم کی کوئی ایسوسی ایشن ہو - تو اس کو خلاف قانون قرار دیا جا سکتا ہے - ابھی ابھی حال ہی میں وزیر داخلہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اس قانون کا ایک مقصد یہ ہے کہ اس قسم کی جو (Subversive activity) ہوں - ان کو خلاف قانون قرار دے دیں - (Security of Pakistan Act 1952) کے تحت اس کو خلاف قانون قرار دیا جا سکتا ہے - اس کے بعد جناب والا ! اس قانون کی دفعہ نمبر 2 اور دفعہ 10 کی ذیلی دفعہ 3 ,2 کے تحت حکومت ان کی جائیداد اور اس ایسوسی ایشن کی نقدی پر قبضہ کر سکتی ہے -

> "Where an order under sub-section 1 is in force in respect of association any officer authorised by the Central Government in this behalf may enter upon and search any premesis used for the purpose of the association and take possession of any document belonging to or in the custody of the association which in his opinion may be used for purposes prejudicial to the defence of external forces or the security of Pakistan. Sub-clause (3) where an order has been made in respect of an association under sub-section (1) the Central Government may direct that no fund or other property of association shall be used, transferred or otherwise disposed of or in any matter dealt with so long as the order under sub-section (1) remains in force."

یعنی وہ تمام مقاصد اس کے تحت پورے ہو جاتے ہیں - اگر ان کا یہ خیال ہے - کہ (Subversive activity) بند کرنا ہے - اس کے علاوہ میں جناب والا ! "پولیٹیکل پارٹی ایکٹ" آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں - جو 1962 میں بنا تھا "پولیٹیکل پارٹی ایکٹ" کے مطابق خواہ وہ جماعت مسلم لیگ ہو خواہ وہ (NAP) ہو خواہ وہ جماعت اسلامی ہو -

اس کو خلاف قانون قرار دیا جا سکتا ہے - پولیٹیکل پارٹی ایکٹ آپ کے پاس ہے - وزیر داخلہ کے پاس یہ اختیار ہے - کیا بات ہے کہ آج تک اس کو کیوں نہیں استعمال کیا گیا ؟

"No political party shall be formed with the object of propagating any opinion or acting in a manner prejudicial to the Islamic ideology or the integrity security of Pakistan."

اسے ملک کی سالمیت و بقا کے لئے تصور میں لایا جا سکتا ہے - ملک سالم ہو - اگر کوئی ملک کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا چاہتا ہے - تو اس قانون کو استعمال کیا جا سکتا ہے - کیا وجہ ہے کہ آج تک اس کو استعمال نہیں کیا جا سکا - زبن پر زین کیوں ڈالی جا رہی ہے - میں اس کے آگے چلتا ہوں - وہ یہ کہ تعزیرات پاکستان کے پورے دو (Chapter) ایک سے IV تک - دونوں اس بات کے لئے مختص ہیں حکومت اور سٹیٹ میں جو لوگ جرائم کا ارتکاب کریں - ان کے لئے 120, 121, 130 بھی ہے -

علیٰ ہذاالقیاس (Pakistan Penal Code) ہے - وہ تمام جرائم جو کہ ملکی سالمیت ملک کی بقاء کے خلاف ملکی استحکام کے خلاف ممکن ہو سکتے ہیں - وہ یہاں درج ہیں - کیا میں محترم وزیر داخلہ سے پوچھ سکتا ہوں کہ یہ اتنے سارے قانون ان کی نظر سے نہیں گزرے - اگر گزرے ہیں اور انہیں اس کا علم ہے - انہیں کیوں استعمال نہیں کیا گیا - اگر انہوں نے انہیں استعمال نہیں کیا - تو ان کی مجرمانہ غفلت ہے - وہ اس اعلیٰ منصب کے اہل نہیں ہیں یہ ان کا فرض تھا - مگر انہوں نے کوتاہی کی ہے - تو یہ ان کی مجرمانہ غفلت ہے - یہ اپنے فرائض مانتے ہیں - کسی شخص نے یہ کہا تھا کہ ہم سرحدات کو طورخم سے یہاں لے آئیں گے - کیوں اس کو عدالت میں نہیں لاتے - یہ دونوں طرف سے نورا کشتی نہیں ہے اگر یہ نورا کشتی نہیں ہے - تو کہا جا سکتا ہے - کہ محض الزام ہے - بہتان ہے - اس لئے میں عرض کروں گا کہ اس میں ذرا بھی سچائی نہیں ہے - میں آپ سے پوچھتا ہوں - میں ان پر الزام دیتا ہوں .........

جناب عبدالقیوم خان : آپ ان کے لیڈر ہیں ، آپ ان کے ساتھ بیٹھتے ہیں -

خواجہ محمد صفدر : مجھے فخر ہے کہ میں خان عبدالقیوم خان کے ساتھ بھی بیٹھا ہوں - مجھے یہ بھی فخر ہے کہ میں اب بھی چند محب وطنوں کے ساتھ زندگی گزار رہا ہوں - تو میں جناب والا ! عرض کرتا ہوں کہ اتنے قانون موجود ہیں - میری رائے میں اس کی مزید ضرورت نہیں ہے کہ حکومت کو مزید اختیارات تفویض کئے جائیں - جناب محترم وزیر داخلہ کے خیال میں بہت سے اعتراضات قومی اسمبلی میں ہوئے ہیں - وہ انہوں نے قبول کر لئے ہیں - ان کا ارشاد ہے کہ انہوں نے انتظامیہ کو عدلیہ کے تابع بنا دیا ہے - میں ان کا شکر گزار ہوں - اگر یہ اس صورت میں ہوتا - تو اس جیسا ظالم قانون کوئی نہ ہوتا - یہ ایک ننگی تلوار ہوتی - جو موجودہ انتظامیہ کے ہاتھ میں ہوتی - وہ اس کو دائیں بائیں جس طرف چاہتے چلاتے - میں شکر گزار ہوں - کہ حزب اختلاف کے اصرار پر یہ جائز مطالبات محترم وزیر داخلہ نے مان لئے کہ ہائیکورٹ کا جج یا ٹریبونل کا جج جس پارٹی کا بھی فیصلہ کرے - تو سپریم کورٹ میں وہ اپیل کر سکتا ہے - یا ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے حکم کے خلاف سیشن جج کے پاس (Judiciary) میں جا سکتی ہے -

[Khawaja Mohammad Safdar]

وہ اپیل کر سکتا ہے اگر وزیر داخلہ یہ چیزیں پہلے مسودہ قانون میں شامل کر لیتے ۔ تو یہ بات یہاں تک نہ آتی ۔ مجھے انتہائی خوشی ہوتی ۔ اگر یہ تمام باتیں کہنے کے بغیر مسودہ قانون میں ہوتی ۔ محترم وزیر داخلہ نے ایک ناکام کوشش کی ہے، اس قسم کے قانون سے پوری طرح باہر نکل آتے ۔ وہ خود ساری عمر وکالت کے پیشے سے منسلک رہے ہیں ۔ ان کا احترام ہم پر فرض ہے ۔ میں تمام اعتراضات نہایت ادب سے محترم وزیر داخلہ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں ۔

شاید میں ان کا حوالہ نہ دوں گا ۔ بلکہ میں چند موٹی موٹی باتیں پیش کروں گا ۔ میرا پہلا اعتراض یہ ہے کہ اس میں یہ کیا گیا ہے کہ اگر مرکزی حکومت (Association) کے متعلق یہ خیال قائم کرے کہ اس کی سرگرمیاں ملک کی سالمیت کے خلاف ہیں تو وہ اس (Association) کے متعلق ایک (Notification) جاری کرے گی اور ساتھ ساتھ اس نوٹیفیکیشن کے اندر اس کے وجوہات بھی جاری کرے گی جس بنا پر اس کے متعلق حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اس (Association) کی سرگرمیاں ملک کے خلاف ہیں ۔ کبھی وہاں (Proviso) کی بھی کچھ گنجائش رکھی گئی ہے ۔ ظاہر یہ ایک معمولی سی بات معلوم ہوتی ہے ۔ لیکن اس کا استعمال نہایت خطرناک صورت بھی اختیار کر سکتا ہے ۔ اس (Proviso) میں یہ کیا گیا ہے ۔

پریزائڈنگ افسر (جناب اے ۔ وحید اختر) : اس میں کیا کہا گیا ہے ؟

خواجہ محمد صفدر : نمبر 3 سب سیکشن (2) (Proviso) کے متعلق ہے اور جناب والا! میں پراویزو کے متعلق ہی عرض کر رہا ہوں کہ اس پراویزو میں کیا ہے ۔ بیان یہ ہے کہ اگر مفاد عامہ میں حکومت یہ مناسب خیال کرے تو حکومت وجوہات نہیں بتلائے گی یا پھر ان وجوہات میں سے کچھ وجوہات نہیں بتلائے گئی تو جناب والا ! میں وزیر متعلقہ سے اس بات سے اتفاق نہیں کرتا ہوں ۔

پریزانڈنگ افسر (جناب اے ۔ وحید اختر) : آپ کون سے کلاز کے متعلق بتلا رہے تھے ؟

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں کلاز (3) (2) (Proviso to sub-clause) کے متعلق عرض کر رہا ہوں ۔ میں اس کی تفصیل میں نہیں جاؤں گا ۔ لیکن اشارتاً ضرور عرض کروں گا کہ اگر اس پر وزیر داخلہ توجہ فرماتے کہ اس کو حذف کر دیا جائے تو بہتر تھا کہ آخر جس شخص پر یہ الزام ہے کہ یہ ملک دشمن ہے تو اس ملزم کے برخلاف الزامات اور وجوہات کیا ہیں ۔ یہ الزامات اور وجوہات نہیں بتلائے جائیں گے بھائی یہ بھی کوئی بات ہے آخر اس کو کیوں نہیں بتلانا چاہئے کہ یہ وجوہات ہیں جن کی بناء پر ہم اس نتیجے پر پہونچے ہیں تو اگر آپ وجوہات نہیں بتلائیں گے تو پھر یہ حکومت اپنے ہر سیاسی مخالف کو اس کلاز کی زد میں لا سکتی ہے ۔ ایسوسی ایشن انجمن یا جماعت وہ سب خلاف قانون ہیں لیکن ان کے خلاف قانون ہونے کی وجوہات کیا ہیں وہ ہم نہیں بتلائیں گے ۔ چلئے جناب والا ! وجوہات سامنے نہیں آئی ہیں تو پھر (Tribunal) کیا

کرے گا ، اور وہ اپنا فیصلہ اس طرح صادر کرے گا ، اور اگر اس نے اپنا فیصلہ کر بھی دیا تو پھر سپریم کورٹ کیا کرے گی ؟

دوسرا مسئلہ جس کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ ہے (finality) - آپ دیکھیں (Section) 6 (1) کو وہاں پر ایک عجیب و غریب اصول بیان کیا گیا ہے اور وہ ایک اصول یہ ہے کہ جو فیصلہ (Tribunal) کر گیا وہ (Final) ہوگا ۔

میرا خیال ہے کہ اس بل میں کچھ نظرانداز ہو گیا ہے اور یہ (Conflict) کرتا ہے اس لیے میری گذارش ہے کہ وزیر محترم (15) (Section) کے (2) (Sub-Part Sub-Clause) کو دیکھیں اور وہ (Final) نہیں بنا ، وہاں انہوں نے اس خیال کا اظہار کیا ہے کہ اس فیصلے کے خلاف اپیل (Aggrieved Party) کر سکتی ہے اس لیے یہ ایک لفظی ترمیم ہے اس کو آپ دیکھ لیں ۔ لیکن اس کے آگے ایک اور بھی مسئلہ ہے جس کی طرف میں آپ کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں اور جس کو حکومت اپنے خیال میں رکھے ۔ حضور والا ! بات یہ ہے کہ جب کسی انجمن یا ایسوسی ایشن کے متعلق حکومت اس نتیجے پر پہنچتی کہ فلاں انجمن یا فلاں سوسائٹی ملک کو توڑنے کے درپے ہے اور اس کو خلاف قانون قرار دیتے ہوئے (Notification) جاری ہو جاتا ہے اس کے بعد (Tribunal) کے پاس وہ انجمن جاتی اور (Tribunal) اس کو (Confirm) کرتا ہے کہ یہ واقعی ملک دشمن عنصر ہے ۔ اس کے باوجود بھی حکومت اس حق کو اپنے ہاتھ میں رکھنا چاہتی ہے کہ وہ اس انجمن یا سوسائٹی یا جماعت کے خلاف (Notification) کو واپس لے لے اور دوبارہ اس کو محب وطن بنا دے ۔ یہ منطق میری سمجھ میں نہیں آتی ۔ اس حد تک تو شاید میں جان جاؤں کہ حکومت کی طرف سے یہ (Notification) ہوا اور اس شخص نے اس (Notification) کے خلاف (Representation) کیا ۔ پھر حکومت نے یہ بتایا کہ اس کی اطلاعات صحیح نہیں میں اور حکومت نے نوٹس واپس لے لیا ۔ ایک دیانت دار آدمی جس کو اپنی غلطی کا احساس ہوگا وہ تو ایسا کرے گا ۔ لیکن جب (Judicial Tribunal) ایسا کر دے کہ فلاں شخص جس کے خلاف الزام ثابت ہو چکا ہے اس کو محب وطن بنا دیا جائے ۔ یہ منطق میری سمجھ میں نہیں آتی کہ پھر حکومت کو یہ اختیار کیوں حاصل ہوا کہ وہ اس قسم کے ظالم انسان ۔ ملک دشمن انسان اور ملک کو توڑنے والے انسان کے خلاف (Notification) بنا کر اس کو اب محب وطن قرار دے دے ۔ مجھے یقین ہے کہ وزیر داخلہ اس امر کی طرف خاص غور سے توجہ دیں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کے پاس یہ اختیار نہ ہونے چاہئیں اور اگر ہوں تو اس وقت تک کے لئے ہوں جب تک (Tribunal) فیصلہ نہیں کرتا ہے اور اگر (Tribunal) یہ فیصلہ کر دے کہ فلاں فلاں ملک دشمن ہے تو پھر کوئی وجہ نہیں ہے کہ ہم حکومت کو یہ اختیار دے دیں ۔ اگر حکومت اپنے ساتھی کو دوست کو یا اپنے وابستگان اقتدار کو جن کو وہ کہتی ہے کہ وہ پانچ قومیتوں کا پرچار کریں تو وہ تو صحیح ہے اور اگر کوئی دوسرا کہتا ہے فرض کیجئے کوئی قبیلے کا فرد ہے وہ یہی نعرہ بلند کرتا ہے تو وہ قابل گردن زدنی ہے ۔ چنانچہ اس قسم کے اختیارات کو میں ناپسند کرتا ہوں کہ ایسے اختیارات حکومت کو دیئے جائیں حضور والا ! وزیر داخلہ نے ارشاد فرمایا کہ اس قسم کے ملک دشمن عناصر کے سرمائے پر قبضہ کرنے کا اختیار حکومت کو حاصل ہے اور جو متعلقہ کلاز ہے (Criminal Law Amendment Act 1908) سے

[Khawaja Mohammad Safdar]

مستعار لیا گیا ہے۔ لیکن وہ بھی ایک حد تک ہے۔ ہمارے پاس جو روپیہ ہے اگر خدانخواستہ، خدا نخواستہ مجھ پر یہ الزام آ جائے تو میرے پاس جو روپیہ ہے اس انجمن کا جس سے میں متعلق ہوں۔ یعنی میں مسلم لیگ سے تعلق رکھتا ہوں۔ اس پر یہ الزام آ جاتا ہے تو میرے پاس جتنا روپیہ تھا وہ حکومت نے قبضہ میں لے لیا۔ اس کے متعلق نوٹس میرے پاس آ چکا ہے۔ کہ اس روپے کے متعلق یہ احتمال ہے کہ یہ روپیہ (Association) کے اغراض و مقاصد کو پورا کرنے کے سلسلے میں استعمال ہوگا۔ وہ روپیہ اس کے پاس ارکان سے آتا ہے۔ میں کسی سے فیس لیتا ہوں بحیثیت ایک وکیل کے تو حکومت یہ کہتی ہے کہ ہم اس روپے پر قبضہ کریں گے۔ تو یہ منطق میری سمجھ میں نہیں آتی ہے۔

جناب والا! مجھے امید ہے کہ محترم وزیر داخلہ صاحب اس بات کی طرف توجہ دیں گے۔ اس کے علاوہ حضور والا! ایک اور بات کا تذکرہ کرتا ہوں کہ کسی شخص کی کوئی جائداد، مکان یا دفتر ہے یا کسی کا جہاز ہے اور وہ شخص وطن دشمن سرگرمیوں میں مصروف ہے تو اس کو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ قبضہ میں لے سکتا ہے۔ اس کو اس بات کا اختیار ہے۔ لیکن اگر اس میں کوئی شخص داخل ہوتا ہے یا وہاں سے باہر نکلتا ہے تو پھر حکومت کو اختیار حاصل ہے کہ وہ اس کی تلاشی لے اب آپ خیال فرمائیے کہ میرا ایک دفتر ہے اور فرض کیجئے کہ میں اس کو بطور وکیل استعمال کرتا ہوں یا اپنی سیاسی جماعت کے طور پر استعمال کرتا ہوں اور مجھ پر خدانخواستہ یہ الزام عائد ہو جاتا ہے کہ اس نے یہ کیا ہے۔ اور جناب والا! میرا پیشہ ورانہ دفتر جو ہے اس میں تو کوئی شخص ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی اجازت کے بغیر نہ آ سکے نہ جا سکے اور ایک سب انسپکٹر اس کی تلاشی لے سکتا ہے۔ تو حضور والا! اس طرح سے تو میرے کاروبار کا تو بیڑا غرق ہوگیا۔ وہاں جو چیزیں ہیں وہ سب اٹھا کر لے جائے اور (Moveable poperty) کی فہرست تو پہلے ھی گورنمنٹ کے پاس ہے اس کی تو مجھے کوئی فکر نہیں ہے لیکن جناب والا! وہاں میرے احباب کا تعلق پیشہ ورانہ میرے ساتھ ہے ان کو نہ آنے دینا تو ایک بڑی قباحت ہے۔ اس لئے جناب والا! میں میں نہایت ادب سے جناب محترم وزیر داخلہ صاحب کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ ان کمزور پہلوؤں کو پیش نظر رکھیں اور پھر ہمیں بتائیں کہ میری ان گذارشات کو کس حد تک ماننے کے لئے تیار ہیں۔ کیونکہ انہوں نے نیشنل اسمبلی میں بڑی کرم فرمائی کی ہے کہ بہت سی باتیں مان لی تھیں۔ پتہ تو تب چلے کہ وہ ہماری باتیں مانتے ہیں یا نہیں۔ لیکن کیا خبر وہاں نیشنل اسمبلی میں انہوں نے کس مجبوری کے تحت ان کی باتیں مانی تھیں ہمیں تو معلوم نہیں کیونکہ ہم تو وہاں نہیں تھے۔ اس لئے میں پھر ان کی خدمت میں گذارش کرتا ہوں کہ وہ ان باتوں پر غور فرمائیں۔

آخر میں جناب والا! میں اپنی تقریر کو ختم کرتے ہوئے عرض کرتا ہوں کہ حضور والا! جب یہ مسودہ قانون ہنگامی قانون کے طور پر نافذ ہوا تھا اس کے ایک سیکشن کے تحت کریمنل لاء ایمنڈمنٹ ایکٹ 1908 کو منسوخ کر دیا گیا تھا میرے خیال میں وہ اچھی بات تھی۔

جناب عبدالقیوم خان: May I point out to him section 8 (3) and (5)

خواجہ محمد صفدر : (Sub-Section) (4) and (5) اچھا جب وہ بل (Clause by
Clause) زیر بحث آئے گا اس وقت بحث ہو جائے گی -

تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ وہ اچھی بات ہے کہ اس کریمنل لاء ایمنڈمنٹ ایکٹ 1908 کو حذف کیا جائے - لیکن اس کو اب پھر (Revive) کر دیا گیا ہے -

میں پھر عرض کروں کہ غیر ضروری قوانین جو (Statute book) میں پڑے رہیں یہ کوئی اچھی بات نہیں ہے اور یہ وزارت قانون کی دانشمندی و ھوشمندی کے لئے اچھا سرٹیفکیٹ نہیں ہے اور نہ ھی وزارت داخلہ کے لئے اور اس لئے جو غیر ضروری قانون (Stutute-book) میں لکھے ہیں جو غیر ضروری ہیں یا استعمال کے قابل نہیں رہے یا ان سے کوئی منفعت نہیں ہے یا ان کے استعمال کرنے میں قباحت ہے ان کو منسوخ کر دیا جائے - تو میں ان گذارشات کے ساتھ نہایت ادب سے محترم وزیر داخلہ کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ از راہ کرم اس مسودہ قانون کو جو کہ میرے نقطہ نظر سے نہایت ھی فرسودہ قسم کا ہے - اس کو چھوڑیئے اس پر اصرار نہ کیجئے بلکہ اس ایوان میں کوئی اور مفید کام کیجئے -

**Syed Zulfiqar Ali Shah Jamote** : *Mr. Presiding Officer, Sir, in this regard as Khawaja Sahib has pointed out I would just like to mention that powers delegated to the Tribunals and what the Tribunals have been doing in the past, and what they are to be given to do after this Act, comes into being. This makes one wonder and worry, and again if and when the Opposition says something the stand is taken that they are antinational again that they do not want any kind of reforms or they are siding with those elements. I would just like to point out that the powers which would be conferred on the Tribunals should be looked into ; they should be brought further into argument and the Government should not be given an entire by free hand. After all, Courts also function in normal order. If there is any doubt that any section violates the functioning of judiciary or Tribunal and then after action whatever the Central Government decides that is acted upon. I have made my submission, Sir.

سردار محمد اسلم : جناب والا ! *اس بل کے مقاصد کے متعلق جناب وزیر داخلہ صاحب نے بڑی تفصیل سے تقریر کی ہے اور اپوزیشن کی طرف سے خواجہ صاحب نے کچھ عتراضات کئے ہیں خواجہ صاحب نے جو کچھ اپنی تقریر میں فرمایا ہے - اس کا مقصد کچھ پوری طرح سے ہمیں سمجھ میں نہیں آ سکا - یہ پہلے کہتے ہیں کہ قانون کی ضرورت نہیں ہے پھر کہتے ہیں کہ پہلے قانون بناؤ اور پھر کہتے ہیں کہ (Repetition) ھو رھی ہے - لیکن جناب والا ! گذشتہ دو ، تین ، چار سال سے جو کچھ پاکستان میں ھو رہا ہے اس کا ھاؤس کے ممبران کو پتہ ہے اور باھر کے لوگوں کو بھی پتہ ہے - لوگ دیکھ رہے ہیں سن رہے ہیں کہ جب کوئی شخص اٹھ کر کہہ دیتا ہے

*Speech not corrected by the senator.

[Sardar Mohammad Aslam]

کہ میں ملک کے بارڈر کی زنجیر ایک جگہ سے دوسری جگہ لگا دوں گا جب دوسری طرف وہ کہتا ہے کہ یہاں ایک قوم نہیں ، چار قومتیں رہتی ہیں - کبھی یہ کہتے ہیں کہ یہاں ہماری حکومت ہے سنٹرل گورنمنٹ سے ہمارا تعلق نہیں ہے - کبھی کہتے ہیں کہ ہمیں باہر سے جو کچھ آتا ہے ان سے ملنا ہے جس کی یہ ہم نے ان سے (Inspiration) لینی ہے یا سیاسی حالات ہمارے ملک کے ساتھ وابستہ دیگر کسی اور ملک کے ساتھ وابستہ - یہ جو کچھ باتیں ہو رہی ہیں - ان کا سدباب کرنے کے لئے حکومت کو ایک ایسا قانون چاہیئے تھا - ایسا قانون ضرور چاہیئے تھا جو ان تمام چیزوں کا سدباب کر سکے اور اس ملک کو جو پہلے ہی آدھا ہو چکا ہے مزید ٹکڑے ٹکڑے کرنے سے بچایا جائے - جناب اس میں زیادہ لمبی چوڑی تقریر کی ضرورت نہیں ہے - یہ قانون وقت کی ایک ضرورت ہے اور نہایت اہم ضرورت ہے - اس ملک کو بچانا صرف حکومتی

(At the stage the Chair was vacated by Mr. A. Waheed Akhtar Presiding Officer and occupied by Mr. Deputy Chairman.)

پارٹی کا ہی فرض نہیں بلکہ اس ملک کے ہر باشندے کا فرض ہے اس معزز ہاؤس میں بیٹھے ہوئے ہر معزز رکن کا فرض ہے - جو اس ملک کے ٹکڑے ٹکڑے کرنے کی کوشش کرے اس کا سدباب کرنے کے لئے اس قانون کی ضرورت ہے - یہ کوئی ایسا قانون جیسا کہ خواجہ صاحب نے کہا کہ ظالمانہ قانون ہے - یہ ڈکٹیٹرانہ قانون ہے یہ قانون ڈکٹیٹر نہیں پیش کر رہا ہے یہ عوامی حکومت پیش کر رہی ہے اسمبلی میں آ رہا ہے اسمبلی میں پیش ہو رہا ہے اس کے بعد جو بھی قانون میں ایک (Citizen) کے لئے جو عدلیہ کا تحفظ چاہیئے - وہ تو پوری طرح مکمل طور پر عدلیہ کا تحفظ دیا گیا ہے - اس لئے میں گذارش کروں گا کہ اس بل کو پاس کیا جائے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : مسز سمیعہ عثمان فتح - آپ اپنی سیٹ پر جا کر تقریر کریں -

مسز سمیعہ عثمان فتح : نہیں ، جی -

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ تو ایسے اشارہ کر رہی تھیں جیسے کہ آپ بولیں گی - اس طرف سے کوئی معزز رکن بولنا چاہتے ہیں - مسٹر کامران -

**Mr. Kamran Khan**: *Mr. Dy. Chairman, if the object of this Bill had been to curb anti-national activities, I would certainly have no objection to its passage. But the object seems to be to create tension in the country and to obtain bargaining power. As pointed out by my learned friend, Khawaja Mohammad Safdar, if the Tribunal decides that a particular organization is anti-national even then the Government has got the powers to withdraw the orders against that organization. It proves that a party, which does not see eye to eye with the Government, can be declared illegal but if that party comes tomorrow and bows down before the Government of the day then that party becomes patriotic party.

*Speech not Corrected by the Senator.

Sir, unfortunately whosoever comes into power in this country, it has been a very sad practice that he becomes the State. And there are people who are ready to offer their services to strengthen his hands and strengthen his teeth and God knows what. The man in power cannot see the true facts obtaining in the country.

Sir, if this Bill had been to curb the anti-national activities, as already we have lost half of the country and there are people responsible for the secession of East Pakistan and these people are there but no action has so far been taken. There are people who have been detained on this charge and they are being provided with all sorts of amenities, they are being provided with luxurious houses; not only luxurious houses but they move about in the streets in newly imported limousines. Sir, I fail to understand, if these people are guilty of break up of the country, why are they not being tried in the open court of law and if they are innocent why are they detained unnecessarily? Sir, the object is not that; it is just to create a suffocating atmosphere in the country.

When the People's Party came into power, as it had claims to democracy; to rule of law, we thought that at least for a change in 26 years history of this country we will have a breath of fresh air. We will get out of this suffocating atmosphere. But, Sir, instead of following its own policy, the People's Party; the ruling party seems to have owned a policy of a person who sees nothing but traitors behind every bush and enemies of the state under every tree. Sir, we are a free state, a free country and if the state is free, the individuals should also be free. They should be free to form organizations and pursue legal and lawful political activities. Now, Sir, this Sub-clause (2), Section 2 says that when the notification is served and that the Government is satisfied that a particular organization is unlawful. Every such notification shall have effect on the date of its publication in the official gazette. Sir, the Government is satisfied that a particular organization is anti-national and immediately a notification is issued, it is published and the party ceases to be a particular organization. If this step is taken by the Government on the eve of elections, what happens. The parties which do not see eye to eye with the Government become illegal. They cannot take part in the elections. These parties will have to go to the Tribunal, the Government will of course refer the case to the Tribunal, which is a very

*Speech not corrected by the Senator.

[Mr. Kamran Khan]

time-consuming affair and so by the time the matter is decided by the High Court and Supreme Court the elections would be over; what remedy, Sir, is available for those parties when after the Supreme Court decides that the Government measure curbing the party's activities was illegal, the Government party has won the elections; what remedy is then available for the Opposition parties; I cannot just understand that Sir? I will appeal to my friends on the Government benches and Treasury Benches that when you make laws, you make for the posterity, you do not make laws for today or tomorrow. If this law goes on the statute book, may be, you will be the first victims of it! We have seen examples here in this country.

Now, when Prime Minister Bhutto was in the Government of Ayub Khan, during those times, certain laws were enacted and those very laws were used against him and he was imprisoned. So, Sir, these laws can be used against the Treasury Benches also. So, let us not make Government an octopus and allow it to tighten its grip around our necks. Give the people democratic freedom, sense of belonging and you would not need those laws. Everybody is patriot. Why did the Government think that everything belongs to the Government, the sources of the country belong to them? My honourable friend Khawaja Muhammad Safdar has dealt with the subject thoroughly. The honourable Home Minister has said that bombs were thrown in the houses of Ministers and tobacco depots and telephone wires were cut and in the same breath he has said that some people have been imprisoned on those charges. This means that the Government has got those powers. They can imprison, they can take anybody to task. A political organisation is like a joint stock company. A joint stock company is floated. The objects and reasons of that company is published and people buy shares. Now that joint stock company will carry on the trade, or the profession or business or whatever industry in accordance with the law of the country. Now, Sir, if a Director or a shareholder of that company indulges in black-marketing or in smuggling, then you cannot ban that company. He does so on his own risk. That is not the responsibility of the joint stock company or for that matter if an employee of the company indulges in illegal activities, illegal practices that is not the responsibility of the company. Similarly, Sir, people join political parties on the basis of their manifesto, their programmes as published and since the manifesto and the programmes of the parties

BEN... ...ARY
...AMABAD.



are not against the interest of the country, they are not anti-national, they are patriots, why should the parties be banned. If a particular individual wants to move from one place to another, take action against that individual, but why ban a political party. Sir, to my mind this Bill is just to gain a bargaining position for the Government. If a party is patriotic and the Government says that it is not patriotic, it declares it illegal, then the Government proceeds with the election and tries to bully the opposition. With these words, I oppose this Bill.

مفتی ظفر علی نغانی : جناب ڈپٹی چیئرمین اس بل کے متعلق کافی تقاریر ہو چکی ہیں مگر اس سلسلے میں مذہبی حیثیت سے کچھ ایسی باتیں سامنے آئی ہیں جن پر غور و فکر کی بہت ضرورت ہے - ہم محض کسی رو میں بہہ کر یا کسی کی دشمنی میں قانون بنا کر مذہب کو برباد کریں تو یہ کسی بھی دانش مند اور صاحب شعور انسان کو زیب نہیں دیتا - قومیت کے جو الفاظ ہم استعمال کر رہے ہیں ان کی آئین کے مطابق کسی بھی طریقے سے وکالت نہیں ہوتی کہ پاکستان میں ایک سے زیادہ قومیت ہوگی - جناب والا ! ذرا لفظ قومیت پر غور کریں تو معلوم ہوگا کہ قومیت کس چیز سے بنتی ہے - مذہب سے یا وطن سے ؟ جہاں تک مسلمانوں کا علماء کا اور سیاسی جماعتوں کا تعلق ہے میرے خیال میں یہ ان کا متفقہ فیصلہ تھا کہ قومیت مذہب سے بنتی ہے - وطن سے نہیں بنتی - یہ چار قومیتوں کا یا پانچ قومیتوں کا نظریہ ہمیں قطعاً زیب نہیں دیتا - ہم اس سے قطعاً اتفاق نہیں کرتے - اگر قومیت کی بنیاد آپ وطن پر رکھتے ہیں تو پھر آپ ایک قوم بن جائیں گے اور پاکستان میں ہندو بھی وہی ہوگا اور مسلمان بھی وہی ہوگا -

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** Point of order. I appreciate the sentiments of the speaker, but we can only legislate within the forecorners of Pakistan. We cannot legislate for the whole of Islamic world. Therefore, the scope of the Bill is within one Pakistan—one nation. Therefore, this speech is outside the scope of this Bill because we cannot legislate from Indonesia to Casabalanca. We cannot possibly do that. This may be very appropriate for some other occasion. That is the objection, which I am raising.

*مفتی ظفر علی نغانی : میں محترم وزیر داخلہ سے عرض کروں گا میرے کسی لفظ سے تاثر نہیں ملتا کہ آپ پوری دنیا کے لئے یا پورے عالم اسلام کے متعلق کوئی قانون بنائیں - اس پر میں نے کوئی بحث نہیں کی - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر قومیت کا تصور آپ کے خیال میں وطنیت ہے تو یہ بالکل ایک باطل چیز ہے - پاکستان بنانے والے سارے لیڈروں نے اسے باطل قرار دیا ہے اور اگر قومیت کے تصور سے مراد مذہب کی بنیاد پر لی جاتی ہے تو پھر پاکستان کے اندر چند قومیتیں ہیں - مسلمانوں اور ہندوؤں کی دو مختلف قومیتیں ہیں - آپ کو یہ تسلیم کرنا پڑے گا - اب دونوں

1832

*Speech not corrected by the Senator

[Mufti Zafar Ali Nomani]

کو ایک ھی نام کیسے دے سکتے ہیں ؟ قرآن پاک نے اس چیز کو بیان فرمایا ہے ۔

قبائل اور اس قسم کے شعوب بنائے ۔ اس میں ہم لفظی نزاع تو مان سکتے ہیں لیکن حقیقی نزاع نہیں ۔ کیونکہ ان کا مقصد اگر یہ ہے کہ الگ الگ قبائل ہیں تو اس طرح سے چار نہیں بلکہ پچاس قبائل بنیں گے ۔ ھمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے کہ سرحد میں دس ، سندھ میں 25 اور پنجاب میں 200 قومیتیں بنیں ۔ اس سے کسی کو اعتراض نہیں ہے ۔ لیکن آپ قومیت کی بنیاد ختم کریں ۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ آپ ایک شخص کو غدار قرار دیں اور پھر اس سے مصالحت کی بات کرتے ہیں ۔ کم از کم اس ایوان کے وقار کو مدنظر رکھئے اور اس ھاؤس میں بیٹھ کر جسے غدار کہتے ہیں پھر اس سے بات کرنے اور دوستی کرنے کا آخر یہ کیا مقصد ہے ؟ نہ ھمارا سیاسی نظریہ صحیح ہے اور نہ مذھبی نظریہ درست ہے ! آپ کو یہ ماننا پڑے گا کہ پاکستان کے اندر دو قومیتیں ہیں ، ایک ھندو قوم اور دوسری مسلمان ۔ اگر آپ نظریہ پاکستان کو ختم کر دیں ، جس کے اوپر ھمارا وجود ہے اور جس کے اوپر ھمارا سب کچھ ہے ۔ اس مسودے میں میں نے پہلی بار دیکھا ہے ۔ یہ تو بد قسمتی ہے کہ یہ بہت دیر سے آیا ہے اور خواجہ صاحب نے بھی یہی کہا ہے کہ اس کو (circulate) تاخیر سے کیا گیا ہے ۔ اس لفظ 'قومیت' پر مذہب کے اعتبار سے اگر آپ کو تحقیق کرانا ہے تو علماء کی (Research Committee) جو حکومت نے بنائی ہے کم از کم اس کو ھی بھیجا جائے تاکہ وہ تحقیق کے بعد اپنی رپورٹ اس ایوان کے سامنے پیش کرے پھر اس کے بعد آپ اس کو قانون کا جزو بنائیں ۔ ھمیں اس سال کے اندر پاکستان کو اسلامی قانون دینا ہے اور اسلام کے ڈھانچے میں ڈھالنا ہے ۔ ہم جو کام بھی کرتے ہیں وہ اسلام کے خلاف کرتے ہیں ! ہم اسلام سے دور ھوتے جا رہے ہیں ، الگ ھوتے جا رہے ہیں ! آخر کس طرح ہم دس سال کے اندر کریں گے ؟ دو سال تو گزر گئے ہیں ۔ کوئی کام بھی آپ بتا سکتے ہیں جو آج تک ہم نے اسلام کے مطابق کیا ہو ؟

جناب عبدالقیوم خان : آئین میں موجود ہے کہ کوئی قانون اسلام کے خلاف نہیں بنے گا ۔ آئین میں علماء کی کونسل موجود ہے ۔ آپ (Constitution) کو یہاں (discuss) کرنا چاھتے ہیں ۔ آئین میں لکھا ھوا ہے کہ پاکستان ایک قوم ہے ۔ آپ آئین کے برخلاف آئین میں ترمیم کرائیں ۔ اس بل کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں ہے ۔ (This is absolutely irrelevant discussion) آئین میں پاکستان ایک قومیت ہے اور مولانا صاحب فرما رہے ہیں کہ یہاں چار قومیتیں ہیں ۔ یہ غلط بات ہے ۔ بڑی خوشی سے اس بل کو (oppose) کریں لیکن اسلام کے نام پر (oppose) نہ کریں ۔ اس ملک کے آئین میں موجود ہے کہ صدر اور وزیر اعظم غیر مسلم نہیں ھو سکتے ۔ یہ سب چیزیں میں یہاں دھراؤں ۔ آئین بن چکا ہے ۔ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ نے خاص کر اس آئین کو اسلامی آئین بنایا ہے اس کا کریڈٹ ہم لیں گے ۔

جناب ڈپٹی چیرمین : آپ مزید کچھ فرمانا چاھتے ہیں ۔

مفتی ظفر علی نعمانی : ہم ایک سیدھی سادھی سلجھی سی بات کرتے ہیں اور ھمارے محترم وزیر داخلہ صاحب اس کو کہاں سے کہاں لے جاتے ہیں ۔ یہ بڑی مہربانی ہے کہ آپ لوگوں نے آئین بنایا ہے اور اس میں اسلام کو داخل کیا اور اس میں قومیت

کے نظریے کو داخل کیا - میں کہوں گا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ کا کارنامہ نہیں ہے کہ آئین میں یہ رکھا گیا کہ صدر غیر مسلم نہیں ہو سکتا بلکہ زیادہ تر یہ جمعیت علماء اسلام اور دوسری جماعتوں کا کارنامہ ہے کہ انہوں نے زبردستی اس کو آئین کے اندر داخل کروایا ورنہ آپ تیار نہیں تھے -

جناب عبدالقیوم خان : آپ کی اکثریت بالکل نہیں تھی -

مفتی ظفر علی نعمانی : جو مسودہ پہلے پیش کیا گیا تھا اس کو دیکھا جائے کہ اس میں ترامیم کن کی وجہ سے ہوئیں - دونوں مسودوں کا مقابلہ کیا جائے تو پھر پتہ چلے گا کہ مسلم لیگ اور پیپلز پارٹی نے اسلامی قانون بنایا یا ہم نے ؟

جناب عبدالقیوم خان : مولانا صاحب آپ کی نظر میں سارے ہی غیر مسلم ہیں سوائے آپ کے ؟

مفتی ظفر علی نعمانی : ہم لوگ سب کو مسلمان مانتے ہیں !

جناب ڈپٹی چیئرمین : مولانا صاحب اگر آپ موضوع پر تقریر کریں تو زیادہ مناسب ہوگا - دستور کے متعلق باتیں باہر بھی طے ہو سکتی ہیں -

مفتی ظفر علی نعمانی : *وہ تو جناب وزیر صاحب نے ہی شروع کی ہیں - جب وہ موضوع سے ہٹ جاتے ہیں تو ہمیں بھی مڑنا پڑتا ہے - ہمیں ان کے اشاروں پر چلنا پڑتا ہے اگر نہ چلیں تو غدار کہا جاتا ہے - کیونکہ وقت کم ہے اس لئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں - میں نہایت ادب سے گذارش کروں گا کہ آپ حضرات قومیت کے معاملہ پر غور کرنے کے بعد اس کو آئین کے اندر داخل کریں -

جناب محمد ہاشم غلزئی : جناب چیئرمین اس بل پر کافی بحث ہو چکی ہے - میں وکیل نہیں ہوں - ایک سیاسی رکن کی حیثیت اور ملک کے ادنیٰ خادم کی حیثیت سے میں اس کے چند پہلوؤں پر عرض کروں گا سب سے پہلی بات میں یہ عرض کروں گا کہ ہماری موجودہ حزب اقتدار میں ایک قسم کا (Inferiority Complex) پیدا ہوگیا ہے کہ وہ اس ملک میں ہر ایک شخص کو غدار اور اینٹی نیشنل خیال کرتی ہے - ہمیں یقین ہے کہ اس ملک میں کوئی غدار یا پاکستان کا بد خواہ یا قوم کا دشمن نہیں ہے جب جناب ہمیں یقین ہے کہ جو لوگ پاکستان میں رہتے ہیں وہ پاکستانی ہیں اور وہ اس ملک کی بقاء اور سالمیت کے لئے تن من دھن قربان کرنے سے دریغ نہیں کریں گے تو بار بار اس ایوان میں اس قسم کی باتیں کرنا کہ فلاں غدار ہے ، فلاں اینٹی نیشنل ہے میرے خیال میں اس ایوان کے وقار اور ایسے وزیروں کے وقار کے خلاف ہے جو اس قسم کی باتیں کرتے ہیں میں بار بار کہہ چکا ہوں کہ ہم برائے مخالفت کے لئے یہاں نہیں آئے ہمارا کام یہ ہے کہ ہم حزب اقتدار کی غلط کارروائیوں کا ان کو احساس دلائیں اور اس طریقے سے اگر ہم اچھی نیت سے بات کریں تو اس کو وہ ملک سے غداری کا نام نہ دیا کریں - سب سے پہلی بات میں یہ عرض کروں گا کہ ہمارے آئین میں ہم نے کہا ہے کہ یہ آئین اسلامی ہے ، جمہوری ہے ، وفاقی ہے اور ہمیں پتلا ہے

*Speech not Corrected by the Senator.

[Mr. Hashim Ghilzi]

یہ ہے تو پھر ہمیں سوچنا چاہئے کہ ہم اس ملک کے لئے ایسے قوانین وضع کریں جو ان تمام اصولوں کے تابع ہوں ۔ وہ اسلام کے اصولوں کے خلاف نہ ہوں ، وہ جمہوریت کی قدروں کے خلاف نہ ہوں ، وہ وفاقی یونٹوں کے حقوق کے خلاف بھی نہ ہوں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ قانون حزب اقتدار اس واسطے نہیں لائی ہے کہ ان کو اس ملک میں کچھ غدار دکھائی دیتے ہیں بلکہ اس ملک میں ایک آمرانہ نظام ، ایک فسطائی نظام اور (one party) رول قائم کرنے کے لئے لایا گیا ہے ! جیسا کہ میرے محترم دوست نے پہلے کہا ہے کہ اس قسم کے قوانین ہمارے پاس پہلے ہی سے درجنوں کی تعداد میں موجود ہیں مگر وزیر داخلہ صاحب یا اس موجودہ حکومت نے اب تک ان کو استعمال نہیں کیا اب ان کو استعمال کرنے کا خیال اس واسطے آ رہا ہے کیونکہ وہ جمہوریت کی پٹڑی سے اُتر رہے ہیں ۔ وہ اس ملک میں فسطائی اور آمرانہ نظام لانا چاہتے ہیں اور جس کی پیش بندی میں وہ اس قسم کے ظالمانہ قوانین پیش کر رہے ہیں ۔ جناب والا ! وفاقی نظام میں اور جمہوری نظام میں‌اور اسلامی نظام میں بھی مجرموں کو اپنی صفائی پیش کرنے کا موقع دیا جاتا ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ یہ آئین کی سپرٹ کے خلاف ہے ۔ یہ ڈیگال کے آئین کی سپرٹ کے مطابق ہے کیونکہ ڈیگال کا فرنچ آئین میں اس قسم کی باتیں ہیں ۔

جب ہم کہتے ہیں کہ ہمارا آئین اسلامی اور جمہوری ہے تو اس کے ذریعے اسلامی جمہوری انصاف اور انصاف کے تقاضوں کو برقرار رکھنا چاہئے ۔ انصاف کا تقاضہ ہے کہ مجرم کو یا ملزم کو صفائی پیش کرنے کا موقع دیا جائے اور اس کے بعد اس کو سزا دی جائے ، یہاں پہلے سے الزام لگا دیتے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ ثابت کریں کہ وہ مفسد ہے ۔ میں نے عرض کیا تھا کہ اس قسم کے قوانین بنانے سے بہتر ہے کہ آپ مارشل‌لاء کے تمام (Regulations) لے آئیں ہاؤس کے سامنے رکھیں اور چونکہ آپ کی اکثریت ہے ان کو آپ پاس کرا لیں ۔ عرض یہ ہے کہ اس قانون کی ہم سخت مخالفت کرتے ہیں ۔ کیوں کہ ہم دیکھتے ہیں کہ اس قسم کے قانون سے ملک میں جمہوری قدروں کو ٹھیس پہنچے گی اور ملک میں جمہوریت بحال نہیں ہوسکے گی اس کا لازمی نتیجہ ملک میں (Civil War) ، بربادی اور اس قسم کے واقعات ہوں گے ۔ خدارا ! اس ملک میں جمہوری نظام کو پھلنے پھولنے دیں اور جو قانون آپ یہاں لاتے ہیں اپنی اکثریت کو قائم رکھنے کے لئے نہ لائیں بلکہ اس ملک میں جمہوری نظام قائم کرنے کے لئے پیش کریں ۔ دوسری بات میں عرض کروں گا یہ قومیتوں کا مسئلہ ہمارے وزراء صاحبان اکثر لاتے رہتے ہیں اور میرے محترم دوست ظفر علی نے بھی اس پر روشنی ڈالی ہے ۔ میں مذہبی آدمی نہیں ۔ قانونی بھی نہیں البتہ علم سیاست کی کچھ کتابیں پڑھی ہیں ۔ میرے خیال میں اگر وہ خیال کریں تو علم سیاست یا پرکٹیکل سائنس کی کتابوں میں دو الفاظ ہیں جو بڑے مشہور ہیں ایک ہوتا ہے (Nation) اور دوسرا (Nationality) قوم اور قومیت ۔ ملت کی طرف میں نہیں جاتا ۔ قوم اور قومیت ایک دوسرے کی ضد نہیں ہیں قوم قومیتوں سے بنتی ہے قومیتیں قبیلوں سے بنتی ہیں اور قبیلے خاندانوں سے بنتے ہیں ۔ خاندان گھر کے افراد سے بنتے ہیں تو اگر میں کہوں کہ میری قومیت پشتون ہے تو میں نے (Nation) کی مخالفت کی ہے نہیں یہ غلط ہے ! میں تو یہ کہوں گا کہ میرے محترم وزیر صاحب نے جب یہ الفاظ استعمال کئے ہیں تو وہ خود بھی نہیں سمجھ سکے ہیں کہ ان کا مفہوم کیا ہے اور بغیر سوچے سمجھے لکھ دیتے

ہیں قومیتیں - بھائی پاکستان ایک قوم ہے ہماری (Nation) پاکستانی ہے ! اس میں

**But this nation is made of so many nationalities.**

تو بہت ساری قومیتیں بستی ہیں تو اگر آپ کہیں کہ ایک پشتو بولتا ہے وہ پشتون ہے ، میں بلوچی بولتا ہوں میں بلوچ ہوں ایک سندھی بولتا ہے وہ سندھی ہے ، ایک پنجابی بولتا ہے وہ پنجابی ہے اس طرح سے ملک کا غدار ہوگا پاکستانی - (Nation Hood) ارضی ہوگا نہیں ایسا نہیں - لیکن جب کہ قومیت کا لفظ استعمال کرتے ہیں تو اس کو (Nation) کے معنی میں لیتے ہے ورنہ (Nation) اور (Nationality) بالکل مختلف ہیں - میں ان کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ کم از کم علم سیاست کی طرف رجوع کریں - انہیں پڑھیں کہ (Nation) اور (Nationality) ایک دوسرے کی ضد نہیں ہیں بلکہ وہ ایک دوسرے کو (Supplement) کرتے ہیں تو یہ کہنا کہ قومیتیں خطرناک ہیں اس سے پاکستان تباہ ہوگا غلط ہے پاکستان ایک ملک ہے پاکستان ایک (Nation) ہے ایک قوم ہے قوم اور قومیت میں تمیز کریں خدارا قومیتوں اور قبیلوں میں تمیز کریں - قبیلوں اور خاندانوں میں تمیز کریں ایک ہی بات گھسیٹتے رہتے ہیں قومیت - قومیت - یہ درحقیقت اس واسطے نہیں ، یہ اس لئے ہے کہ دو صوبوں بلوچستان اور سرحد جن میں پیپلز پارٹی کی اکثریت نہیں ہے - وہاں ایک شخص اپنے آپ کو بلوچ کہتا ہے تو وہ غدار ہے ؟ اور اس طرح سرحد میں اگر ایک شخص اپنے آپ کو پشتون کہے تو وہ غدار ہے کیوں غدار ہے ؟ پنجاب میں اگر پنجابی حکومت کرے اور اپنے آپ کو پنجابی کہے تو وہ غدار نہیں ہے ! ایسا نہیں ہے بات یہ ہے کہ (Nationality) کے جو الفاظ ہیں کتابوں میں وہ مسلم شدہ ہیں تسلیم شدہ ہیں (Nation) اور (Nationolity) میں فرق ہے اگر میں کہتا ہوں کہ میں پشتون ہوں تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ میں نے پاکستانی (Nationatily) سے انکار کر دیا ہے - اس سے مطلب یہ ہے کہ جو یہاں مختلف قومیتیں ہیں ، ان میں سے ایک ہوں اس میں غداری کا سوال نہیں ہے - در حقیقت بات یہ ہے کہ خاص طور پر ان دو صوبوں میں یہ موجودہ حکومت چاہتی کہ اس ملک میں (Once Party Rule) قائم کرے - وہ اس قسم کے بہانے تلاش کرکے ان تحریکوں کو کچل دینا چاہتی ہے اور اس ملک میں (Once Party Rule) قائم کرنا چاہتی ہے آپ کا جذبہ یہ ہے -

آپ کے ملک میں ایسے لوگ ہیں جو سقوط مشرق پاکستان کے ذمہ دار ہیں ، ان کے خلاف تو آپ کچھ نہیں کہتے ! آپ کے ملک میں ایسے لوگ ہیں جو ابھی عام اس ملک کے خلاف کام کر رہے ہیں ، ان کے خلاف تو آپ کچھ نہیں کرتے ! اس کا مطلب یہ ہے کہ ان دو صوبوں میں جمہوریت کی تحریکیں چل رہی ہیں ان کو کچل دیا جائے اور اس طریقے سے آپ اس قسم کے قانون پیش کرکے ملک میں اتحاد کو قائم نہیں کر سکیں گے اور اس قسم کے قوانین اس ملک کے مختلف اداروں میں انتشار پیدا کریں گے ، سب کو کمزور کریں گے ، ایسا کرنے سے ملک کی سالمیت و استحکام کو نقصان پہنچے گا ذرا اس قسم کے قوانین نہ لائیں جن سے جمہوری قدروں کو نقصان پہنچے ، جس سے اس ملک کے اتحاد کو نقصان پہنچے جن سے اس ملک کی سالمیت کو نقصان پہنچے اور مذہبی پہلو میرے دوست ظفر علی نعمانی نے آپ کے سامنے پیش کر دیا ہے تو ان چند گذارشات کے ساتھ میں اس بل کی سخت مخالفت کرتا ہوں ۔

**Mr. Deputy Chairman :** Now the Leader of the House....

**Mr. Abdul Qaiyum Khan** : Mr. Chairman Sir, I must congratulate the last speaker for the very sober and parallel speech he made though I may not agree. I will try to dispel some of the apprehensions that he entertained. Sir, the first point was taken by Khawaja Safdar that in the presence of this Act of 1908, Criminal Law Amendment Act, where is the necessity of this law ? Now let us see the scope of the 1908 Act and the scope of the present law. Let us realise that from the year 1908 right up 1973 much water has flown down the Indus. Things have changed. The whole geography of this area has undergone tremendous changes. Now it says : "Whereas it is expedient to provide for the more speedy trial of certain offences and for the prohibition of associations dangerous to public peace, it is hereby enacted as follows." And then, in 15, it says : "Unlawful association. In this part, association means, any combination or body of persons whether the same be known by any distinctive name or not. And unlawful association means an association which encourages or aids persons to commit acts of violence or intimidation or of which the members habitually commit such acts which has been declared to be unlawful by the Provincial Government under the powers hereby conferred. The Provincial Government has the power to declare them unlawful and the penalties are imprisonment for a term which may extend to six months or with fine or with both. Now let us see the scope of this Bill. The scope of the Bill is : In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context—anti-national activity in relation to an individual or association, means anything done by such individual or association, whether by committing an act or by words, either spoken or written, or by signs or by visible representation or otherwise (*i*) which is intended, or supports any claim, to bring about on any ground whatsoever, the secession of a part of the territory of Pakistan from the Federation, or which incites any individual or group of individuals to bring about secession. Now the difference is obvious to any man except my friend Khawaja Safdar, (*ii*) which disclaims, questions, disrupts or is intended to disrupt the sovereignty and territorial integrity of Pakistan. Where do we find in the Act, where was Pakistan in existence in 1908 and where was the question of disrupting its integrity or seceding a part to some foreign power ; (*iii*) which in any manner encourages or incites, or is intended or is likely or tends to encourage or incite, the public or any group thereof to create, open or continue any regional front or 'mahaz' of any kind based on racial, linguistic or similar ideologies and considerations with a view to dis-

rupting the unity of the people of Pakistan. Now a 'mahaz' if it is ceated for some other purposes is not affected but a linguistic, rational or parochial 'mahaz' which aims at disrupting, that is punishable; (*iv*) which in any manner propagates or advocates that the citizens of Pakistan comprise of more than one nationality. So the difference is quite clear. Then my friend comes to other Act, the Defence of Pakistan Rules. He says in the Defence of Pakistan Rules, Ordinance, everything exists. I agree that there are provisions but let us look at it. Whereas the President is satisfied—this is 23rd November, 1971—that a grave emergency exists in which Pakistan is threatened by external aggression, therefore under the Emergency Order, 1969 read with the provisional constitutional order and in exercise of all powers enabling him on this behalf the President is pleased hereby to issue proclamation of emergency. This is an Ordinance to provide for special measure to ensure the security, the public safety and interest in the defence of Pakistan and for the prevention of certrin offences. Now this is based on emergency situation which is purely temporary and surely my learned friend cannot be ignorant of the fact that in India there is a state of emergency and that in Pakistan under our Constitution, the Government has to come to the National Assembly to seek its mandate for the continuance of the state of emergency and that some time ago the present Government went to the National Assembly, on the grounds on which it is based, with its request that a state of emergency be extended for six months and that view was accepted by the vast majority of the House. Therefore, our way of extending the state of emergency is more democratic than that of any other country. What I want to impress on the honourable member is the fact that the state of emergency is a temporary thing and the Defence of Pakistan Rules Ordinance is a temporary measure. Therefore, the point which he was trying to make there was that there was no necessity for this because the Act is there. There was no Pakistan. There was no provision about the integrity of Pakistan, secession of a part of it, ceding a part of it, disrupting its integrity. Therefore, the House must realise that there is an absolute necessity for bringing this measure and the point raised has absolutely no substance. Then, Sir, the thought which was running through the other speeches was that this Government is a Fascist Government, that it is aimed at to bringing about one-party rule and that the whole scheme is a diabolical scheme engineered to achieve that purpose of having one-party Government. Now sir it was said by

[Mr. Abdul Qaiyum Khan]

one honourable member that after thirty days before the election, the Government may declare any party unlawful, then that party will be deprived of fighting the election. Now that point has got no substance. May I remind the honourable member that the Government is bound to go before a tribunal consisting of a sitting Judge within thirty days and unless the Judge sets his seal of approval on the conduct of the Government that it is within the forecorners of the law, within the ambit of the law, the executive decision has got no force in it? May I remind him that the affected party can in the next morning go to the tribunal and challenge the executive act of the Government? May I also remind him that under the extra-ordinary power vested in the High Court, that party can go and move a writ petition, and get a stay order? The Government has not stopped the Opposition to get the written order or deprived them of taking part in the general election. I would like to know the Judge who refused to give them a Stay Order. Therefore, these are all imaginary fears. Then it was said that people who were responsible for breaking up Pakistan are no longer in detention and going about in cars and living in luxuries. Now they are anticipating and spreading this propaganda that the Government of Pakistan has no intention of taking legal action against those who are guilty of disrupting the integrity of the country. The Government of Pakistan has repeatedly said that all those who are responsible for such an act will be brought to book.

خواجہ محمد صفدر: قیامت کو کریں گے ؟

**Mr. Abdul Quiyum Khan**: Please wait, don't be in a hurry, after all those people are out under the Constitution of Pakistan, nobody can be detained beyond eight months and those people having completed eight months, the Supreme Court has set them free. Thus the Government is bound by the rule of law. The Judges have set them free. Your Constitution says that nobody can be detained for more than eight months. I know they are going about in cars, may be living in luxury, according to you, but this is not a favour from the Government party.

It is because the Constitution of Pakistan has laid down in clear and in unequivocal terms that no person can be detained for more than eight months. The Opposition must also respect the Constitution.

خواجہ محمد صفدر: آپ ان کا چالان کریں -

جناب عبدالقیوم خان : حالانکہ آپ [illegible] کر نہیں کریں گے - آپ تسلی رکھیں ۔

Then my friend Mr. Hashim has tried to develop a theory of nationality in our country. He said that whosoever talks of different nationality should be called as GHUDDAR. These things are being pursued or propagated with a view to disrupt the integrity of Pakistan. I do not know why this question of nationality in Pakistan is being brought up so frequently. Those people who talk of nationality in Pakistan, before partition, they were very keen and had advanced the plea that the entire people in the sub-continent constituted one nation. There are 60 nationalities living in India. In the Centre they are in a very poor majority and in the provinces Mr. Zulfikar Ali Bhutto allowed them to form a government as a special favaur, they never had a majority, in order to wean away from the idea of separation. They suffered defeat after defeat in the N.W.F.P. Assembly ; and yet they claim to represent that part.

**Khawaja Muhammad Safdar :** Baluchistan ?

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** So also you have no majority there. You will soon come to know when that Assembly meets. Even if any party has a majority that does not mean that they can handover from Chaman to Jacobabad to Afghanistan. Leader of the Opposition has time and again referred to this matter and no one contradicted it. This statement has been made in many places in the N.W.F.P.

**Khawaja Muhammad Safdar :** آپ نے سنی ہوگی

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** You did not hear it because that did not suit you. Every one in the Frontier has heard it. There are certain things which cannot be divulged as it would create international complications. This Bill has been discussed threadbare and passed ; most of the amendments were withdrawn. But we are treated to the same procedure. All the objections are very weak and I beg that clause by clause consideration of the Bill may now proceed.

**Mr. Deputy Chairman :** Leader of the House.

**Rao Abdus Sattar :**

جناب والا میں ........

خواجہ محمد صفدر : پانچ منٹ رہ گئے ہیں - اس کو کل پر رکھ لیں - [illegible]

سننے کی خواہش نہیں رکھتا -

راؤ عبدالستار : مجھے یہ احساس ہے - کہ صبح سے اس بل پر بحث ہو رہی ہے - کافی مدلل اور طویل بحث ہوگئی ہے - کچھ مزید کہنے کی گنجائش نہیں ہے - میں اپنا فرض سمجھتا ہوں - کہ ہاشم غلزئی صاحب نے جو کہ ہمارے حزب اختلاف کے رہنما بھی ہیں - انہوں نے اور خواجہ صاحب نے کچھ نکتے اٹھائے ہیں - میں صرف ان کا جواب دینا اپنا فرض سمجھتا ہوں - جب میں نے اپوزیشن تقریریں سنی ہیں - ان میں حب الوطنی اور استحکام کی بہت باتیں کہی گئی ہیں - جناب والا ! میں صرف اپنے دوستوں سے آپ کے (through) گذارش کرنا چاہتا ہوں - کاش وہ ان پر عمل کرتے - کاش وہ اس ایوان میں یہ تحریکیں پیش نہ کرتے ہمارے دوست خواجہ صاحب نے کہا ہے - کہ جمہوریت کے پروانے جو تھے انہوں نے ملک کے خلاف سرگرمیوں میں حصہ لیا - ہمارے ٹیلیفون کنکشن کاٹے - ہماری ریلوے لائن توڑنے کی کوششیں کی اور پاکستان کو کمزور کرنے کی کوششیں کی - ان کے لئے یہ (Adjournment motion) اس موقر ایوان میں پیش کیا ہے- ان کے لئے یہ (Adjournment motion) اس معزز ایوان میں پیش نہ کرتے - وہ افراد جو ملک سے غداری کرنے کا جرم کریں گے کے لئے یہاں قانون بنائے جا رہے ہیں جن کے تحت انشاللہ ان کے اوپر مقدمات چلیں گے - وہ افراد جو پاکستان کے باغی ہیں ان قوانین کے ذریعہ ان کو سزا دلائی جاسکے گی - کاش آپ حب الوطنی کا جذبہ رکھتے - کاش آپ ملک کی محبت کا درد اپنے دل میں رکھتے - اگر یہ چیزیں ہوتیں تو آپ فوراً اس بل کو پاس کر دیتے - اور آپ یہ سب باتیں نہ کہتے آپ کہتے ہیں کہ اس بل کے اندر خامیاں ہیں ، غلطیاں ہیں - اگر اس میں غلطیاں ہیں تو دوسرے قوانین بھی موجود ہیں ہائی کورٹ کا جج اس کے لئے رکھا گیا ہے اور اس پر بھی کسی کو اپیل کرنی ہوگی تو وہ سپریم کورٹ میں جا سکتا ہے- سپریم کورٹ انصاف کرے گا - یہ عوامی حکومت کا انصاف ہوگا -

جناب والا ! بہت سے (Points) کا جواب منسٹر صاحب دے چکے ہیں اس لئے میں ان چیزوں میں نہیں جانا چاہتا ہوں - یہاں بلوچستان اور سرحد کے صوبوں کا بھی ذکر کیا گیا ہے - کیا آپ بتلا سکتے ہیں کہ ان صوبوں میں آپ لوگوں کی (Majority) ہے ؟ آپ کی (Majority) نہ تو سرحد میں ہے اور نہ بلوچستان میں - اگر آپ کے نمائندوں کی ان صوبوں میں اکثریت ہوتی تو آپ کی ان صوبوں میں حکومتیں ہوتیں اس حکومت نے جمہوریت کے لئے کیا کچھ نہیں کیا ہے - جناب والا ! اگر پیپلز پارٹی اپنی حکومت وہاں قائم کرنا چاہتی تو آپ کی پارٹی کے اوپر سے (ban) اٹھاتی ؟ اور پیپلز پارٹی وزیر اعلیٰ اور گورنر کے فرائض آپ کے سپرد کرتی ؟ جن لوگوں نے آپ کو ووٹ دیا تھا وہ یہ سمجھتے تھے کہ آپ محب وطن ہیں اور وہی لوگ جنہوں نے آپ کو (Assemblies) میں اپنا نمائندہ بنا کر بھیجا تھا وہ آپ کو باغیانہ سرگرمیوں کی بناء پر رد بھی کر سکتے ہیں -

جناب والا ! اس ملک کے خلاف اندرونی اور بیرونی بے شمار سازشیں ہو رہی ہیں اور ان سازشوں کے نتیجے میں سقوط ڈھاکہ کا واقعہ رو نما ہوا تھا - اس پس منظر کے پیش نظر آئندہ کے لئے محتاط اور با خبر رہنے کے لئے ان قوانین کو بنانے کی اشد ضرورت

*Speech not corrected by the Senator.

محسوس ہوتی ہے - اس لئے ہر ایک محب وطن کو یہ بل (Support) کرنا چاہئے اور جلد از جلد اس بل کو منظور کر لینا چاہئے - اور یہی وقت کا اہم تقاضہ ہے -

ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی پر زور تائید کرتا ہوں اور اس ایوان سے یہ درخواست کروں گا کہ اس بل کو جلد از جلد پاس کیا جائے -

**Mr. Deputy Chairman** : The question before the House is that the Bill to provide for the more effective prevention of certain anti-national and treasonable activities. [The Prevention of Anti-National Activities Bill, 1973], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

**Adopted**—The motion is adopted.

They want to put the motion just now. There are many amendments in it. Amendments have already been moved ; lists have been circulated in the House and I think we will take the Bill tomorrow and the House is adjourned to meet again at 10 a.m.

———

The Senate adjourned till ten of the clock, in the morning, on Thursday, the 17th January, 1974.

———